© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**المبسوط** | تالیف جناب احمد اللہ صاحب منشی فاضل، منشی عالم۔ سول سروس (ریٹائرڈ) حیدر آباد دکن (انڈیا) قیمت مجلد ۱۲؍۔ جناب مولف سے سوماجی گوڑہ خیریت آباد، حیدر آباد، دکن کے پتہ پر طلب کیجئے۔

اردو زبان میں فقہی لٹریچر زیادہ تر فقہ حنفی ہی سے متعلق ملتا ہے، کیونکہ ہمارے ملک میں فقہ کے اس مکتب خیال کے پیرووں کی غالب اکثریت پائی جاتی ہے۔ جناب احمد اللہ صاحب نے پہلی مرتبہ اردو داں طبقے کے لئے فقہ شافعی پر المختصر، المتوسط اور المبسوط کے نام سے تین کتابیں پیش کی ہیں جن میں اس وقت المبسوط ہمارے سامنے ہے۔ یہ ایک اچھی علمی کوشش ہے اور اس سے نہ صرف امام شافعی کے مسلک سے دلچسپی رکھنے والے اصحاب فائدہ اٹھا سکتے ہیں، بلکہ دوسرے فقہی مدارس فکر کے پیرووں کے لیے بھی اس کا مطالعہ فقہی امور میں قلب و نظر کی توسیع کا موجب ہوگا۔

کاغذ اچھا، سائز بڑا، جلد مضبوط، ضخامت ۴۶۷ صفحات۔

**سیرت امام شافعی** | تالیف جناب مولینا میاں خالد صاحب انصاری، بھوپالی شائع کردہ، انجمن مسلمانان مجگاؤں، شریف بلڈنگ مری روڈ، بمبئی ۱۰ (انڈیا) قیمت للعہ ۸

یہ بھی ایک علمی کتاب ہے اور اردو زبان کی اس دیرینہ کمی کو پورا کرتی ہے کہ آج تک امام شافعیؒ کی سیرت اور علمی و فقہی کارنامے پر کوئی کام کی چیز موجود نہ تھی۔ خالد انصاری صاحب نے امام شافعی کی شخصیت، قابلیت اکتسابی کمالات اور سیرت و اخلاق پر ہی گفتگو نہیں فرمائی ہے، بلکہ مختصراً امام موصوف کے تدبر قرآن کا مخصوص انداز بھی پیش فرمایا ہے، حدیث سے استناد کرنے میں امام کا جو مسلک تھا وہ بھی بوضاحت سے درج کیا ہے، نیز شافعی اصول فقہ کو بھی نمایاں کیا ہے۔ کتاب کے آخری حصے میں ایک مقام پر مسائل حنفیہ اور مسائل شافعیہ کا ایک نقشۂ تقابل درج کرکے


© rasailojaraid.com